# پینٹ اور ٹی شرٹ میں نماز کے دوران سجدہ کرتے ہوئے شرٹ اوپر اٹھ جائے، تو نماز کا حکم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1859

**تاریخ اجراء:** 16 صفر المظفر 1446ھ / 22 اگست 2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

پینٹ اور ٹی شرٹ پہن کر نماز پڑھ رہے ہوں اور سجدہ کی حالت میں جانے سے ٹی شرٹ کا نیچے سے کچھ حصہ اوپر کی طرف سرک جانے سے جسم کا کچھ حصہ ظاہر ہو رہا ہو، تو نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

شرعی مسئلہ یہ ہے کہ مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے، ناف اس میں شامل نہیں، گھٹنے شامل ہیں اور نماز میں ستر کھلنے کی صورت میں اعضائے ستر میں سے ہر عضو کی چوتھائی کھلنے پر نماز فاسد ہونے کا دار و مدار ہے۔ عام طور پر پینٹ شرٹ پہننے والے جب سجدے میں جاتے ہیں تو پیچھے سے ستر ظاہر ہوتا ہے اور یہ چوتھائی سے کم ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں اگرچہ نماز ہو جائے گی مگر ایسا لباس پہن کر نماز پڑھنا درست نہیں۔ اور جب معلوم ہے کہ ایسا مسئلہ ہوتا ہے تو عام حالات میں بھی ایسا لباس پہننا جائز نہیں ہو گا کیونکہ عام حالات میں بھی جھکنے پر ستر کا حصہ کھل جاتا ہے اور دوسروں کے سامنے ستر کھولنا گناہ ہے۔ البتہ اگر کسی کا یہ حصہ ایک چوتھائی کے برابر کھل جائے اور ایک مکمل رکن اسی حالت میں ادا کر لیا یا تین تسبیح کی مقدار چوتھائی یا اس سے زائد مقدار میں ستر کھلا رہا تو اب نماز فاسد ہو جائے گی۔

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: ”اگر ایک عضو کی چہارم کھل گئی، اگرچہ اس کے بلا قصد ہی کھلی ہو اور اس نے ایسی حالت میں رکوع یا سجود یا کوئی رکن کامل ادا کیا، تو نماز بالاتفاق جاتی رہی، اگر صورت مذکورہ میں پورا رکن تو ادا نہ کیا مگر اتنی دیر گزر گئی جس میں تین بار سبحان اللہ کہہ لیتا تو بھی مذہب مختار پر جاتی رہی۔۔۔ اگر ایک عضو کی چہارم سے کم ظاہر ہے تو نماز صحیح ہو جائے گی اگرچہ نیت سے سلام تک انکشاف رہے۔“ (فتاویٰ رضویہ، جلد 6، صفحہ 30، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net